# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: عظیم بادشاہ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، رنگ دار چارٹ کا بنا ہوا ڈبا یا لفافہ، جس پر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، مختلف رنگوں کی چار پرچیاں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں، دو چارٹ کے بنے ہوئے درخت، چار سبز اور چار سوکھے چارٹ کے بنے ہوئے پتے، سبز پتوں پر کوئی سی چار اچھی عادات اور سوکھے پتوں پر کوئی سی چار بری عادات لکھی ہوئی ہوں سبق میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بورڈ پر لکھیں: خدمتِ خلق سے کیا مراد ہے؟
- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (22 منٹ)

- سبق "عظیم بادشاہ" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر **50** کھلوائیں۔
- بچوں سے باری باری ان پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔ جیسے: اس تصویر میں کتنے لوگ نظر آرہے ہیں؟ وہ سب کیا کر رہے ہیں؟ وغیرہ
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ اب چار پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔

| |
|---|
| • وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔<br>• متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔<br>• اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگرف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے یا پیراگراف پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خوداعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ پرنامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام (2منٹ):** بچوں سے کہیں کہ پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: عظیم بادشاہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، غبارے، خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 52 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "محصول" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی

والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو الفاظ "مبتلا، منسوخ، دھنس جانا، ہر دِل عزیز، افرتفری، معتبر، خود مختار" پر مشتمل پرچیاں دیں۔ ایک گروہ کے پاس ایک لفظ کی پرچی ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں، ان کے معانی سوچیں۔ اب دس غبارے، جن پر الفاظ "سراہنا، بے جا، احترام، پرعزم، تجویز، اثاثہ" کے معانی اور چار پر کچھ دوسرے الفاظ لکھے ہوں، کمرہ جماعت میں ایک طرف فرش پر چھوڑ دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلالیں۔ ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ کی پرچی آئی ہے، اس کے معانی پر مبنی غبارہ تلاش کریں اور پھر واپس آکر اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی بچے کو موقع نہ دیں۔ جو بچے مقررہ وقت میں مطلوبہ غبارہ تلاش نہ کرپائیں، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے ہوئے سبق "عظیم بادشاہ" سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھیں گے۔
- ایک کپ میں پانچ آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر پانچ مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر تفہیم میں پوچھے گئے پہلے پانچ سوالات لکھے ہوں۔
- دوسرے کپ میں پانچ آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کردیں۔ اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کرکے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کرکے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ س طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر چاروں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال ورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں نئے الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| محصول | | ہر دِل عزیز ہونا | |
| مُبتلا | | اَفراتفری | |
| منسُوخ | | مُعتبر | |
| دِھنس جانا | | خُود مُختار | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ احمد بن طولون کون تھا؟

جواب: ________________________________________

۲۔ احمد بن طولون نے چوروں اور لٹیروں سے نمٹنے کے لیے کیا کیا؟

جواب: ________________________________________

۳۔ عوام نے احمد طولون پر کس بات کے لیے دباؤ ڈالا؟

جواب: ________________________________________

۴۔ احمد بن طولون کی وفات کے وقت سرکاری خزانے کے کیا حالات تھے؟

جواب: ________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: عظیم بادشاہ | |

**مقاصد:** گفت گو یا تقریر سُن کر ان میں امتیاز کر سکیں۔

الفاظ کے آخری حرف سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، صفائی سے متعلق دو تصاویر،، ٹوکری، سادہ شیٹیں، گتے کے ڈبی، گوند، چارٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ سے سبق سے متعلق سوالات پوچھیں۔
- جو گروہ یہ سرگرمی بہترین جواب دے، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب ایک ٹوکری میں چار مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔
- یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کا ایک گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔
- اب بچوں کو کہیں سبق کو توجہ اور خاموشی سے سنیں۔ اس کے بعد بچوں سے بات چیت کریں۔
- اب بچوں کو ہدایت کریں کہ سبق کو اپنے الفاظ میں دہرائیں۔
- بچوں کو گفت گو اور تقریر میں فرق بتائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے جوابات سنانے کی ہدایت دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب تختہ تحریر پر لفظ "خزانہ" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ لفظ "خزانہ" میں کتنے حروف ہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اب بورڈ پر متناسب کے حروف "خ-ز-ا-ن-ہ" الگ الگ کر کے لکھیں۔ آخری حرف "ہ" سے نیا لفظ "ہاتھی" بنائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ الفاظ بولیں گے یا گی۔ انھوں نے غور سے الفاظ سننے ہیں اور پھر ان کے حروف الگ الگ کرنے ہیں اور آخری حرف سے نیا لفظ بنانا ہے۔ اب لفظ "محصول" بولیں۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ بلند کریں، ان کے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• درست الفاظ بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو بورڈ پر بلائیں اور سوال نمبر 5 میں دیئے گئے الفاظ کے حروف سے نئے الفاظ بنوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: عظیم بادشاہ | |

**مقاصد:** سابقے کی مدد سے نئے الفاظ بنا سکیں۔
خط لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، مختلف الفاظ اور مختلف سابقوں پر مبنی چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ، سابقے "بلا، جان، با، لا اور بد" کی پرچیاں، ٹوکری، لغات، گیند

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- مختلف الفاظ اور مختلف سابقوں پر مبنی چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ بورڈ پر دو کالم بنا کر چسپاں کر دیں اور بچوں سے ان کی خواندگی کروائیں۔
- ایک کالم میں سابقے اور دوسرے میں الفاظ چسپاں کریں۔ بچوں سے سوال کریں کہ کیا ان کو آپس میں ملا کر کوئی اور الفاظ بنتے ہیں؟ بچوں سے لکیر کے ذریعے سے ان کو ملانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ پہلے ان الفاظ کو بغور دیکھ لیں۔ بعد ازاں انھیں آپس میں ملا کر مزید ایسے الفاظ بنائیں جن کے کوئی واضح معنی بھی ہوں۔ استاد اگر مناسب سمجھیں اور وقت بھی ہو تو ان الفاظ کے جملے بھی بچوں کو بنانے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سابقے کے بارے میں پڑھیں گے۔
- اب بورڈ پر الفاظ لکھیں:
- بِاادب
- خوش قسمت
- شاہ رگ
- بچوں سے الفاظ پڑھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اوپر جملوں میں خط کشیدہ الفاظ سابقے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی لفظ سے پہلے آتے ہیں اور اس کے معانی میں تبدیلی پیدا کرتے ہیں، "سابقے" کہلاتے ہیں۔ مثلاً لفظ ادب سے پہلے "با" لگانے سے لفظ "" باادب" بن جاتا ہے۔ یہاں "با" سابقہ ہے۔

- بچوں سے مختلف الفاظ پوچھیں، جن سے پہلے "با" لگانے سے نئے با معنی الفاظ بن جاتے ہوں۔ جیسے: باادب، بااختیار، باتمیز، بااصول، باعمل، بااخلاق، وغیرہ۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی دونوں الفاظ پر بھی کروائیں اور بچوں کو سابقے کا تصور مختلف مثالوں کے ذریعے سے سمجھائیں۔

| خوش | ہم |
|---|---|
| خوش قسمت | ہم عمر |
| خوش حال | ہم درد |
| خوش شکل | ہم جماعت |
| خوش اخلاق | ہم خیال |
| خوش خط | ہم وطن |

- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ سابقے "بے، کم، لا، بد، خوش" کاغذ کی پرچیوں پر لکھ لیں۔ یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں اور یہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے سابقے پڑھیں اور ان کا استعمال کرتے ہوئے دو دو الفاظ بنائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ خط کے کتنے حصے ہوتے ہیں۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر ایک بچے کا خاکہ بنائیں اور اس کی مدد سے بچوں کو خط کے مختلف حصوں کے بارے میں بتائیں۔

✓ مقامِ روانگی، تاریخ

✓ القاب اور آداب و تسلیمات

✓ نفسِ مضمون

✓ اختتام مضمون

✓ مکتوبِ الیہ

- اب بچوں کو بتائیں کہ خط کے سب سے پہلے حصے میں ہم مقام روانگی یعنی جس جگہ سے خط لکھ رہے ہوں اس جگہ کا نام لکھتے ہیں اور اس کے ساتھ اس دن کی تاریخ بھی۔ خط کا دوسرا حصہ جو ہوتا ہے اس حفظ مراتب کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جس کو خط بھیجا جارہا ہے اس کے مقام و مرتبے کا خیال رکھ کر خط لکھا جائے۔ اگر وہ بڑا ہے تو خط سے ادب اور احترام کا ظاہر ہونا ضروری ہے، اگر وہ برابر کا ہے (مثلاً: ہم جماعت، دوست وغیرہ) تو خط میں بے تکلفی بھی اختیار کی جاسکتی ہے، اگر چھوٹا ہے تو شفقت اور محبت کا اظہار ضروری ہے۔ پھر خط کا تیسرا حصہ نفس مضمون کہلاتا ہے۔ جس میں ہم خط لکھنے کا مقصد بیان کرتے ہیں۔ چوتھا حصہ اختتام مضمون ہوتا ہے، جس میں خط لکھنے والا دعائیہ کلمات کے ساتھ خط کا اختتام کرتا ہے۔ اس کے بعد پانچویں حصے میں مکتوب الیہ یعنی خط لکھنے والا اپنا نام لکھتا ہے۔

- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی۔ پھر ہر گروہ کو ایک سادہ شیٹ اور خط کا لفافہ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر اپنے دوست کے نام خط لکھیں اور اسے بتائیں کہ آپ اپنے دوسروں کی مدد کیسے کرتے ہیں۔
- ہر گروہ کو ایک جیسا مخصوص وقت دیں۔ کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں جہاں مدد یا رہنمائی درکار ہو فراہم کریں۔ املا کی کسی مشکل کی صورت میں استاد ذخیرہ الفاظ بھی دے سکتے ہیں۔ بچوں کو ترغیب دیں کہ لکھائی کی صفائی، املا کی درستی اور وقت مقررہ کے اندر اپنے کام کی تکمیل کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بچوں کے 5 گروہ بنادیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔ اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر سوال نمبر 7 میں دیے گئے سابقوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے سابقے نظر نہ آئیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا سابقہ پڑھیں اور بچے کو اس کی مدد سے لفظ بنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے ساتھ اُوپر دیے گئے سابقوں میں سے درست سابقہ لگا کر با معنی الفاظ بنائیں اور اُن کے درست جملے کاپی میں لکھیں۔

| سابقے | بے | کم | لا | بد | خُوش |
|---|---|---|---|---|---|
| الفاظ | پروا | عقل | عِلم | نصیب | اَخلاق |

| سابقے | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: عظیم بادشاہ | |

**مقاصد:** کسی واقعے یا کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔

اپنے مشاہدات اور خیالات کو مربوط انداز میں لکھ سکیں۔

رسائل اور اخبارات سے اپنی پسند کی تحریریں منتخب کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا کر انھیں سبق "عظیم بادشاہ" پڑھنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو سبق کا خلاصہ لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس سبق کے لیے انہیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کے لکھے گئے خلاصے کو پڑھوائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بورڈ پر سوال لکھیں:

  "خدمتِ خلق کی تنظیمیں لوگوں کی بھلائی کے لیے جو کام کرتی ہیں" ان کے متعلق ایک پیراگراف مربوط انداز میں لکھیں۔

  بچوں سے اس کے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کے جوابات لیں۔ تمام بچوں کو اظہار خیال کا موقع دیں۔ اس دوران میں مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- جو بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- اب انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا جواب سنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) موضوع سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سبق سے مختلف سوالات کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ وہ اخبارات یا بچوں کے رسائل میں سے اپنی پسندیدہ تحریر پڑھ کر آئیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: صفائی میں ہی صحت ہے | |
| **مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، لفظی جیب، ٹوکری، مختلف رنگوں کی چار پرچیاں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں، سبق میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں | | |

## تحریکی سرگرمی:

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کر دیں۔ انھیں صاف ستھرے اور گندے ماحول سے متعلق تین تصاویر دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور چند جملوں میں بتائیں کہ ایسی صورتحال میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟ انھیں سوچنے کے لیے دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر گروہ کے لیڈر کو تصویر سمیت بلائیں۔ انھیں تصاویر بورڈ پر چسپاں کر کے ان سے متعلق چند جملے بولنے کے لیے کہیں۔ جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے ان سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے:
- کیا آپ صفائی ستھرائی کا خیال رکھتے ہیں؟
- ہمیں اپنے ماحول کو کیسا رکھنا چاہیے؟
- ہم مختلف بیماریوں سے کیسے خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں؟

بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "صفائی میں ہی صحت ہے" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 56 کھلوائیں۔ بچوں سے باری باری ان پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔ جیسے: اس تصویر میں کتنے لوگ نظر آرہے ہیں؟ آپ کے خیال میں وہ سب کیا کر رہے ہیں؟ تصویر میں کون کون سی چیزیں نظر آرہی ہیں؟ وغیرہ
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ اب چار پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے انھی جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس سے متعلق مختلف سوالات بھی کرتے جائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگرف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے یا پیراگراف پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔